1 اپریل، 2020

معزز CPS فیملیز،

اپنے طلباء اور عملے کی فلاح و بہبود ہمیشہ سے ہماری اولین ترجیح ہے۔ جب سے COVID-19 کے باعث ہمارے اسکولز عارضی طور پر بند ہوئے ہیں، شکاگو پبلک اسکولز (Chicago Public Schools) (CPS) نے 2.8 ملین *اٹھائیے اور لے جائیے* کے تیار کھانے مختلف فیملیز کو فراہم کیے ہیں، اور ہم نے موسم بہار کی چھٹیوں اور جب تک CPS اسکولز دوبارہ نہیں کھلتے یہ کھانے فراہم کرنے کا پختہ عزم کر رکھا ہے۔ اس پابندی کے دوران اپنی فیملیز کو تیار کھانے حاصل کرتے وقت بہترین تسلسل کی سروسز فراہم کرنے اور اسکول کے عملے کی معاونت کے لیے، کھانا تقسیم کرنے کے مقامات میں تبدیلی کا آغاز 6 اپریل، بروز سوموار سے ہو گا۔

ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شیڈول کردہ بہار کی چھٹیوں کے دوران، جس کا آغاز 6 اپریل سے ہو رہا ہے، فیملیز پیر سے جمعرات، صبح 9 بجے سے دن 1 بجے تک شہر بھر میں اسکول کے 136 مقامات سے *اٹھائیے اور لے جائیے* کا تیار کھانا حاصل کر سکتے ہیں۔ بہار کی چھٹیوں کے دوران کھانا فراہم کرنے والے مقامات کی تفصیلی فہرست یہاں دستیاب ہے۔ اس ہفتے کے آغاز میں (پیر، 13 اپریل) ضلعی انتظامیہ کھانے کا ایک مستحکم پلان جاری کرے گی جس کے تحت وہ 276 اسکولز جہاں بہت زیادہ خاندان آئے تھے وہ مفت کھانا فراہم کرنا جاری رکھیں گے، اور وہ اسکولز جہاں زیادہ لوگ نہیں گئے وہ مزید تقسیم کے مقامات کا کام انجام نہیں دیں گے۔

مقامات کو یکجا کرتے ہوئے، ہمارے پاس ہر اسکول کی معاونت کے لیے زیادہ عملہ موجود ہو گا – جو اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کریں گے کہ عملے کی غیر موجودگی کی صورت میں مقامات کو بند کرنے کی ضرورت نہ ہو۔ لنچ روم کا وہ عملہ جو کام نہیں کر رہا یا جنہیں کوئی مقام تفویض نہیں کیا گیا انہیں تنخواہ دی جائے گی اور وہ گھر پر رہیں اور سماجی دوری میں اپنا کردار ادا کریں۔ اضافی طور پر، کھانے کے مقامات کی تعداد میں کمی سے، ہم پرنسپلز اور اسسٹنٹ پرنسپلز کی تعداد میں بھی کمی کرنے کے اہل ہوں گے جو روزانہ کی بنیاد پر کھانے کی تقسیم کی نگرانی کر رہے ہیں، اس سے پرنسپلز کو فاصلاتی تعلیم کی معاونت کے لیے اضافی وقت ملے گا، جو ضلع بھر میں 13 اپریل سے شروع ہو رہا ہے۔

اس ہفتے کی یاددہانی کے لیے، CPS فیملیز کسی بھی CPS اسکول سے صبح 9 بجے سے دن 1 بجے تک مفت تیار کھانا حاصل کر سکتی ہیں۔ بہار کی چھٹیوں کے دوران کھانا فراہم والے اور 13 اپریل سے شروع ہونے والے مستحکم پلان کے تحت کھانے کے کھلے ہوئے مقامات کی مکمل فہرست کے لیے، براہ کرم cps.edu/mealsites ملاحظہ کریں یا KIDS-553-773 پر کال کریں۔ 10 اپریل، بروز جمعہ کو کھانے کے مقامات نہیں کھلیں گے تاکہ عملے کو گڈ فرائیڈے کے موقع پر ایک دن کی چھٹی دی جا سکے، اور ہم فیملیز سے اس کے مطابق منصوبہ بندی کرنے کا کہیں گے۔

اس عوامی صحت سے متعلق ہنگامی صورتحال میں اپنی فیملیز کے معاونت کرنا ہمارے نزدیک نہایت ہی اہم ہے، اور آپ کے صبر اور تعاون پر ہم آپ کے مشکور ہیں کیونکہ ہمارے پلانز اور ذرائع تیار ہیں۔ براہ کرم سماجی فاصلے کو کیونکہ ہمیں اس وبا کے پھیلاؤ کو کم سے کم کرنے میں کردار ادا کرنا ہے۔

مخلص،

لتانیہ ڈی میکڈیڈ (LaTanya D. McDade)
چیف ایجوکیشن آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز

جینس کے جیکسن (Janice K. Jackson)، EdD
چیف ایگزیکٹو آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز